شامِ غریباں

تصویرِ غم بنا ہے میدانِ کربلا۔۔۔گور وکفن بِنا ہیں شہیدانِ کربلا

جلتی ہوئ ریتی پہ بکھرے ہوئے لاشے۔۔اِس حال میں سوئے ہوئے مہمانِ کربلا

اکبر و علی اصغر لوٹے نہیں رن سے۔۔۔ظلم وستم سے گُل ہیں چراغانِ کربلا

پانی کوترستے پیاسے ہی چل بسے۔۔اب چین سے سوتے ہیں شہیدانِ کربلا

لاشیں بغیر سر کی فریاد کرتی ہیں۔۔۔ظلمت کدہ بنا ہے بیابانِ کربلا

غربت کی انتہا کہ لاشیں ہیں بے کفن۔۔۔وارث نہیں ہے ان کا غریبانِ کربلا

روندی ہوئ لاشوں کا منظر نہ پوچھیئے۔۔۔حیرت سے دیکھتے ہیں طائرانِ کربلا

آلِ نبی گھری ظلمت کی گھٹاؤں میں۔۔۔غربت و بیکسی میں یتیمانِ کربلا

جلتے ہوے خیمے اور پریشان بیبیاں۔۔۔شعلوں سے ہوا خاک خیابانِ کربلا

خونِ حسین سے سِینچی کربل کی سرزمیں۔۔۔پاکیزہ ہوا خوں سے بیابانِ کربلا

جنت کی زمیں یہ حسرت سے کہہ رہی ہے۔۔۔اۓ کاش ہم بھی ہوتے میدانِ کربلا

ہیں کاروانِ ظلم میں بے پردہ بیبیاں۔۔۔سابقؔ راہِ سفر ہیں اسیرانِ کربلا

سید حسن اختر سابق۔آسٹن